آٹھواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز پیر 29 اپریل 2024

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر

## ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ سٹی ہسپتال میں 7/24 گھنٹے ایمر جنسی اور گائنی کی سہولیات سے متعلقہ تفصیلات

*13: **جناب امجد علی جاوید**: کیاوزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیایہ درست ہے کہ سٹی ہسپتال ٹوبہ ٹیک سنگھ میں منصوبہ کے مطابق 7/24 ایمر جنسی اور گائنی کی سہولیات فراہم کی جانی تھیں؟

(ب) اگر جواب درست ہے تو کیامذکورہ بالا سہولیات سٹی ہسپتال ٹوبہ ٹیک سنگھ میں منصوبہ کے مطابق فراہم کی جارہی ہیں۔

(ج) اگر منصوبہ کے مطابق مذکورہ بالا ہسپتال میں علاج معالجہ کی سہولیات فراہم نہیں کی جارہی تو اس کی وجوہات سے آگاہ کیا جائے۔

(د) کیا محکمہ اس ہسپتال میں 7/24 ایمر جنسی اور گائنی کی سہولیات فراہم کرنے کاارادہ رکھتاہے اگر رکھتاہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 4مارچ 2024 تاریخ ترسیل 30مارچ 2024)

### جواب

**وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر**

(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ سٹی ہسپتال ٹوبہ ٹیک سنگھ میں منصوبہ کے مطابق 7/24 ایمر جنسی اور گائنی کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

(ب) جی ہاں یہ درست ہے مذکورہ ہسپتال میں 7/24 ایمر جنسی اور گائنی کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

(ج) مذکورہ سوال کاجواب اوپر (جز الف اور ب) میں دے دیا گیاہے۔

(د) مذکورہ سوال کاجواب اوپر (جز الف اور ب) میں دے دیا گیاہے۔

(تاریخ وصولی جواب 24اپریل 2024)

## ٹی ایچ کیو ہسپتال سوہاوہ جہلم کا بجٹ، ڈاکٹرز، مشینری سے متعلقہ ودیگر تفصیلات

*44: **سید رفعت محمود**: کیاوزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ٹی ایچ کیو ہسپتال سوہاوہ ضلع جہلم میں کتنے ڈاکٹرز کس کس شعبہ میں کام کر رہے ہیں ان کے نام مع عہدہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹرز کی کتنی منظور شدہ اسامیاں ہیں اور کتنی کب سے خالی ہیں ان کی تفصیل بتائی جائے۔

(ج) مذکورہ ہسپتال میں کون کون سی مشینری موجود ہے کتنی چالو حالت میں ہے اور کتنی کب سے خراب ہے اس کی مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(د) اس ہسپتال کامالی سال 24-2023 کابجٹ کتنا تھااور اس کو کس کس مد میں خرچ کیا گیاتفصیل بتائی جائے۔

(ہ) کیا اس ہسپتال میں ایمبولینس کی سہولت موجود ہے نیز اس ہسپتال میں کتنی گاڑیاں کس کس ماڈل اور کس کس کے زیر استعمال ہیں تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 4 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 30 مارچ 2024)

## جواب

## وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر

(الف)

| سیریل نمبر | عہدہ کا نام | گریڈ | منظور شدہ اسامیاں | تعنیات اسامیاں | خالی اسامیاں | تفصیل | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | میڈیکل سپرنٹنڈنٹ | 19 | 1 | 1 | 0 | ڈاکٹر سریش کمار چوہان | میڈیکل سپرنٹنڈنٹ |
| 2 | ایڈیشنل پرنسپل میڈیکل آفیسر | 19 | 5 | 1 | 4 | ڈاکٹر انصاف علی | اے-ایم-ایس |
| 3 | ایڈیشنل پرنسپل وومن میڈیکل آفیسر | 19 | 1 | 1 | 0 | ڈاکٹر شاہ زین شبیر | میڈیکل لیگل / گائنی ڈیپارٹمنٹ |
| 4 | سینئر میڈیکل آفیسر | 18 | 6 | 5 | 1 | ڈاکٹر ارشاد تنیو، ڈاکٹر قمر مجید، ڈاکٹر احمد حسن میر، ڈاکٹر زویا اختر، ڈاکٹر شعیب کیانی | او-پی-ڈی / ایمرجنسی |
| 5 | سینئر وومن میڈیکل آفیسر | 18 | 3 | 2 | 1 | ڈاکٹر انم انور، ڈاکٹر فاطمہ خالد | گائنی ڈیپارٹمنٹ |
| 6 | ڈپٹی میڈیکل آفیسر | 18 | 1 | 0 | 1 | | |
| 7 | جنرل سرجن | 18 | 2 | 1 | 1 | ڈاکٹر صیام فاطمہ | سرجیکل او پی ڈی / او ٹی ڈیپارٹمنٹ |
| 8 | انیستھیٹسٹ | 18 | 2 | 0 | 2 | | |
| 9 | چائلڈ سپیشلسٹ | 18 | 2 | 2 | 0 | ڈاکٹر عدیل افتخار، ڈاکٹر سمیر الیاس | چائلڈ او پی ڈی |
| 10 | گائناکالوجسٹ | 18 | 3 | 3 | 0 | ڈاکٹر امبرین فدا، ڈاکٹر مریم ہما، ڈاکٹر سدرہ شبیر | گائنی ڈیپارٹمنٹ |
| 11 | میڈیکل سپیشلسٹ | 18 | 1 | 1 | 0 | ڈاکٹر محمد حماد | میڈیکل ڈیپارٹمنٹ |
| 12 | آئی سپیشلسٹ | 18 | 1 | 1 | 0 | ڈاکٹر امجد حسین | آئی ڈیپارٹمنٹ |
| 13 | ای-این-ٹی سپیشلسٹ | 18 | 1 | 0 | 1 | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیتھالوجی ڈیپارٹمنٹ / بلڈ بنک | ڈاکٹر عائشہ قمر | 0 | 1 | 1 | 18 | پیتھالوجسٹ | 14 |
| | | 1 | 0 | 1 | 18 | ریڈیالوجسٹ | 15 |
| ڈرماٹالوجی ڈیپارٹمنٹ | | | 1 | 1 | 18 | سکن سپیشلسٹ | 16 |
| ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ | ڈاکٹر عثمان نذیر | 0 | 1 | 1 | 18 | سینئر ڈینٹل سرجن | 17 |
| ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ | ڈاکٹر سارہ عارف، ڈاکٹر سنیاہ امانت | 0 | 2 | 2 | 17 | ڈینٹل سرجن | 18 |
| جنرل اوپی ڈی / ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ | ڈاکٹر وحید اصغر، ڈاکٹر اکرام فخری، ڈاکٹر حمزہ اعجاز، ڈاکٹر عمیر سرفراز، ڈاکٹر وامق حمید، ڈاکٹر محمد عمر، ڈاکٹر کامران ارشد، ڈاکٹر زین العابدین، ڈاکٹر عرفان الحق | 1 | 9 | 10 | 17 | میڈیکل آفیسر | 19 |
| گائنی اوپی ڈی | ڈاکٹر طلیحہ صدیق، ڈاکٹر ثناء زیب، ڈاکٹر آیت امجد | 5 | 3 | 8 | 17 | وومن میڈیکل آفیسر | 20 |

(ب) ڈاکٹرز کی منظور شدہ اسامیاں 53 پُر اسامیاں 35 خالی اسامیاں 18 ہیں جو درج ذیل ہیں۔

| ریمارکس | تفصیل | خالی اسامیاں | تعنیات اسامیاں | منظور شدہ اسامیاں | گریڈ | عہدہ کانام | سیریل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعینات | 0 | 1 | 1 | 19 | میڈیکل سپرنٹنڈنٹ | 1 |
| | مسلسل خالی ہیں | 4 | 1 | 5 | 19 | ایڈیشنل پرنسپل میڈیکل آفیسر | 2 |
| | ڈاکٹر شاہ زین شبیر | 0 | 1 | 1 | 19 | ایڈیشنل پرنسپل وومن میڈیکل آفیسر | 3 |
| | 2سال سے | 1 | 5 | 6 | 18 | سینئر میڈیکل آفیسر | 4 |
| | 6ماہ سے | 1 | 2 | 3 | 18 | سینئر وومن میڈیکل آفیسر | 5 |
| | مسلسل خالی | 1 | 0 | 1 | 18 | ڈپٹی میڈیکل آفیسر | 6 |
| | 6سال سے خالی ہے | 1 | 1 | 2 | 18 | جنرل سرجن | 7 |
| | 5سال سے خالی ہے | 2 | 0 | 2 | 18 | انیستھیٹسٹ | 8 |
| | تعینات | 0 | 2 | 2 | 18 | چائلڈ سپیشلسٹ | 9 |
| | تعینات | 0 | 3 | 3 | 18 | گائناکالوجسٹ | 10 |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 11 | میڈیکل سپیشلسٹ | 18 | 1 | 1 | 0 | تعینات | |
| 12 | آئی سپیشلسٹ | 18 | 1 | 1 | 0 | تعینات | |
| 13 | ای-این-ٹی سپیشلسٹ | 18 | 1 | 0 | 1 | 9ماہ سے | |
| 14 | پیتھالوجسٹ | 18 | 1 | 1 | 0 | تعینات | |
| 15 | ریڈیالوجسٹ | 18 | 1 | 0 | 1 | 2سال سے | |
| 16 | سکن سپیشلسٹ | 18 | 1 | 1 | | تعینات | |
| 17 | سینئر ڈینٹل سرجن | 18 | 1 | 1 | 0 | تعینات | |
| 18 | ڈینٹل سرجن | 17 | 2 | 2 | 0 | تعینات | |
| 19 | میڈیکل آفیسر | 17 | 10 | 9 | 1 | سال سے | |
| 20 | وومن میڈیکل آفیسر | 17 | 8 | 3 | 5 | 2سال سے | |
| | | | **53** | **35** | **18** | | |

(ج)مذکورہ ہسپتال میں مشینری / آلات کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)منظور شدہ بجٹ-/23186500

وصول شدہ بجٹ-/11773492

| **سیریل نمبر** | **مد/ہیڈ** | **اخراجات** |
|---|---|---|
| 1 | ٹیلی فون | 214503 |
| 2 | بجلی | 7867221 |
| 3 | جنریٹر ڈیزل | 168867 |
| 4 | ٹریول الاونس | 96420 |
| 5 | ٹرانسپورٹیشن | 166808 |
| 6 | سٹیشنری | 197933 |
| 7 | پرنٹنگ اینڈ پبلیکیشن | 491824 |
| 8 | اشتہار/بینرز/پینافلیکس | 136554 |

| | | |
|---|---|---|
| 9 | ادویات | 1576333 |
| 10 | متفرق سٹور اشیا | 196000 |
| 11 | متفرق اشیا لیبارٹری | 398427 |
| 12 | آلات کی مرمت | 99240 |
| ٹوٹل خرچ شدہ | | 11610130/- |

(ہ) ایمبولینس کی سہولت موجود ہے مگر بذریعہ 1122 سروس ہے اس کے علاوہ ہسپتال میں اپنی کوئی گاڑی موجود نہیں ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 24 اپریل 2024)

## جڑانوالہ چک نمبر 61ر۔ب میں ڈسپنسری کے رقبہ اور اس پر ناجائز قبضہ سے متعلقہ تفصیلات

*112: **جناب محمد زاہد اسماعیل:** کیا وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چک نمبر 61ر ب تحصیل جڑانوالہ میں محکمہ صحت کے زیر کنٹرول ڈسپنسری ہے جس کا رقبہ 17 کنال 7 مرلہ ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ڈسپنسری کی عمارت مکمل طور پر گر چکی ہے اور اس کے رقبہ پر گاؤں کے بااثر افراد نے قبضہ کیا ہوا ہے۔

(ج) کیا حکومت ڈسپنسری کے رقبہ کو ناجائز قابضین سے واگزار کروانے ڈسپنسری کی چار دیواری اور عمارت کو دوبارہ تعمیر کروانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 05 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 13 مارچ 2024)

## جواب

### وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر

(الف) یہ درست ہے کہ ضلع کونسل ڈسپنسری چک نمبر 61ر ب میں تھی جس کا رقبہ 17 کنال 7 مرلہ ہے کو غیر فعال ہونے کی وجہ سے اُس وقت کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر کے حکم کے تحت بذریعہ نوٹیفیکیشن نمبر P&D/822-815 مورخہ 14-05-2011 (کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے) چک نمبر 93ر ب میں شفٹ کر دیا گیا ہے لہذا اس وقت چک نمبر 61ر ب میں ضلع کونسل کی کوئی ڈسپنسری نہیں ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ ضلع کونسل ڈسپنسری کی پرانی عمارت نشیبی علاقے میں واقع تھی جس کے ارد گرد بارش اور پورے چک کا پانی کھڑا ہوتا ہے اور یہ کسی کے استعمال میں نہیں ہے۔ (تصاویر کی کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں)۔

یہ درست نہ ہے کہ ڈسپنسری کے رقبہ پر گاؤں کے بااثر افراد نے قبضہ کیا ہوا ہے۔

(ج) جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ نہ تو اس وقت چک نمبر 61 رب میں محکمہ صحت میں کوئی ڈسپنسری واقع ہے اور نہ ہی سرکاری زمین پر کسی کا قبضہ ہے کیونکہ وہاں پانی کھڑا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 24 اپریل 2024)

## رحیم یار خان۔ٹی ایچ کیو ہسپتال خان پور میں آرتھوپیڈک وارڈ سے متعلقہ تفصیلات

*122: **چوہدری محمد اعجاز شفیع:** کیا وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا ٹی ایچ کیو ہسپتال خان پور، رحیم یار خان میں آرتھوپیڈک وارڈ کی سہولت موجود ہے؟

(ب) اگر جواب اثبات میں نہ ہے تو کیا محکمہ مذکورہ ہسپتال میں آرتھوپیڈک وارڈ بنانے کا ارادہ رکھتا ہے۔

(تاریخ وصولی 14 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 8 اپریل 2024)

### جواب

**وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر**

(الف) جی ہاں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال خانپور میں آرتھوپیڈک وارڈ کی سہولت موجود ہے۔

(ب) جی ہاں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال خانپور میں آرتھوپیڈک وارڈ کی سہولت موجود ہے۔ لیکن آرتھوپیڈک سرجن تعینات نہ ہے۔ محکمہ ہذا نے آرتھوپیڈک سرجن کی سیٹ Create کروانے کے لئے آٹھ جنوری 2024 کو محکمہ خزانہ کو مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ محکمہ خزانہ سے منظوری ملتے ہی آرتھوپیڈک سرجن کی تعیناتی کا عمل شروع کر دیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 24 اپریل 2024)

## رحیم یار خان ٹی ایچ کیو ہسپتال خان پور میں ڈائیلسز یونٹ کی سہولت اور ورکنگ سے متعلقہ تفصیلات

*123: **چوہدری محمد اعجاز شفیع:** کیا وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا ٹی ایچ کیو ہسپتال خان پور، رحیم یار خان میں ڈائیلسز یونٹ کی سہولت موجود ہے؟

(ب) کیا ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈائیلسز یونٹ Proper Working Condition میں ہے۔

(ج) مذکورہ ہسپتال میں روزانہ کتنے مریض ڈائیلسز کے لیے آتے ہیں اور کتنے مریض مستفید ہوتے ہیں تفصیل سے آگاہ کیا جائے۔

(د) کیا یہ درست ہے کہ ڈائیلسز یونٹ کے عملہ کی تعیناتی نہ ہونے کی وجہ سے ڈائیلسز مشین خراب ہونے کا خدشہ ہے۔

(تاریخ وصولی 14 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 08 اپریل 2024)

## جواب

### وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر

(الف) جی ہاں۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال خان پور رحیم یار خان میں ڈائیلسز یونٹ کی سہولت موجود ہے۔

(ب) جی ہاں۔ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈائیلسز یونٹ Proper Working Condition میں ہے۔

(ج) ہسپتال میں روزانہ تین شفٹوں میں مریضوں کے ڈائیلسز کیے جاتے ہیں۔ روازنہ 25 مریضوں اور ماہانہ تقریباً 600 مریض ڈائیلسز یونٹ سے مستفید ہو رہے ہیں۔ دوائی بھی ہسپتال کی طرف سے دی جاتی ہے۔

(د) جی یہ درست نہ ہے۔ شیخ زید ہسپتال و میڈیکل کالج کے پروفیسر ڈاکٹر عابد حسین کے زیر سرپرستی اور تحصیل خانپور کے چند مخیر حضرات کی وجہ سے ڈائیلاسز سروسز دی جارہی ہیں۔

محکمہ نے اس بابت سیکشن آفیسر (ہیلتھ-I) فنانس ڈیپارٹمنٹ کو ایک لیٹر کے ذریعے ڈائیلسز یونٹ کے لئے 30 اسامیاں مانگی ہیں۔

(کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

فنانس ڈیپارٹمنٹ سے منظوری ملتے ہی محکمہ تعیناتیوں کا پراسیس شروع کر دے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 26 اپریل 2024)

## صادق آباد۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں کارڈیالوجی سنٹر کی منظوری اور فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

*134: **جناب سجاد احمد**: کیا وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال صادق آباد میں کارڈیالوجی سنٹر کی منظوری دی گئی تھی؟

(ب) کیا ٹی ایچ کیو ہسپتال صادق آباد میں کارڈیالوجی سنٹر کی تعمیر مکمل ہو گئی ہے اگر نہیں تو کب تک فنڈز فراہم کر کے کارڈیالوجی سنٹر کو چالو کر دیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی 14 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 16 اپریل 2024)

## جواب

### وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر

(الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، ٹی ایچ کیو ہسپتال صادق آباد میں کارڈیالوجی سنٹر کی تعمیر مکمل ہو گئی ہے اور کارڈیالوجی سنٹر فکشنل ہے اور درج ذیل سٹاف کام کر رہا ہے:-

| نام آسامی | خالی اسامی | منظور شدہ اسامی | پر اسامی |
|---|---|---|---|
| 1۔ کنسلٹنٹ کارڈیالوجسٹ | 01 | 01 | - |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 02۔ میڈیکل / وومن میڈیکل آفیسر | 02 | 02 | - |
| 03۔ میڈیکل / وومن میڈیکل آفیسر ( ETT/ECHO | 01 | 01 | - |
| 04۔ میڈیکل / وومن میڈیکل آفیسر (آؤٹ ڈور) | 01 | 01 | - |
| 05۔ چارج نرس (( ETT/ECHO | 01 | 01 | - |
| 06۔ چارج نرس (آؤٹ ڈور) | 01 | 01 | - |
| 07۔ چارج نرس (وراڈ / یونٹ) | 04 | 04 | - |
| 08۔ جونیئر ٹیکنیشن (( ECG/ETT/ECHO | 01 | 01 | 02 |

(تاریخ وصولی جواب 26 اپریل 2024)

## صادق آباد۔ پی پی 265 میں آر ایچ سیز، بی ایچ یوز اور ڈسپنسریوں میں میڈیکل سٹاف سے متعلقہ تفصیلات

*135: **جناب سجاد احمد:** کیا وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حلقہ پی پی 265 تحصیل صادق آباد میں کتنے آر ایچ سیز، بی ایچ یوز اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں قائم ہیں تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) ان آر ایچ سیز، بی ایچ یوز اور ڈسپنسریوں میں کتنا میڈیکل و پیرا میڈیکل سٹاف کام کر رہا ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) ان ہسپتالوں میں کون کون سی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور عمارتوں کی حالت کیسی ہے۔

(د) ان تمام ہسپتالوں میں کون کون سی مسنگ فسلیٹیز ہیں اور کب تک ان کو پورا کر دیا جائے گا۔

( تاریخ وصولی 14 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 16 اپریل 2024 )

### جواب

### وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر

(الف) نئی حلقہ بندیوں کے تحت حلقہ پی پی 265 میں کوئی آر ایچ سی نہ ہے جبکہ 6 عدد بنیادی مراکز صحت اور 01 عدد ڈسپنسری قائم ہیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔ بی ایچ یو چک نمبر 255/P یونین کونسل چک نمبر 2 تحصیل صادق آباد

2۔ بی ایچ یو چک نمبر 158/P یونین کونسل چک نمبر 158/P تحصیل صادق آباد

3۔ بی ایچ یو بیگڑ گڑھی یونین کونسل گوٹھ جنگو تحصیل صادق آباد

4۔ بی ایچ یو چک نمبر 148/P یونین کونسل چک نمبر 148/P تحصیل صادق آباد

5۔ بی ایچ یو کاچھا یونین کونسل امان گڑھ تحصیل رحیم یار خان

6۔ بی ایچ یو چک نمبر 116/P یونین کونسل رحیم یار خان و تحصیل رحیم یار خان

7۔ رورل ڈسپنسری چک نمبر 130/P تحصیل صادق آباد، ضلع رحیم یار خان

(ب)06بنیادی مراکز صحت پر درج ذیل سٹاف کام کر رہا ہے۔

| | |
|---|---|
| 01۔ڈاکٹرز: | 06 |
| 02۔ڈسپنسرز: | 06 |
| 03۔لیڈی ہیلتھ وزیٹرز | 15 |
| 04۔مدوائفز: | 11 |

جبکہ رورل ڈسپنسری پر 01ڈاکٹر کی نشست پر لیڈی ڈاکٹر تعینات ہے جو کہ سیٹ Abolish ہو جانے کی وجہ سے قریبی تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال صادق آباد میں کام کر رہی ہے۔

(ج) تمام بنیادی مراکز صحت پر صبح 8سے 2:30بجے دوپہر معمول کی OPD میں مائیز بیماریوں کی تشخیص اور علاج مہیا کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ درج ذیل طبی سروسز مفت فراہم کی جارہی ہیں۔

01۔ فیملی پلاننگ،

02۔ حفاظتی ٹیکہ جات اور ویکسینشن،

03۔24/7 نارمل ڈلیوریز کی سہولت،

04۔لیب کی سہولت (ہیپاٹائٹس، شوگر، خون، اور ڈیلیوری کے ٹیسٹس اور الٹرا ساؤنڈ)۔

تمام بنیادی مراکز صحت کی مرکزی عمارت کی حالت ٹھیک ہے جبکہ رہائشی کوارٹرز اور باؤنڈری وال کی حالت ٹھیک نہ ہے۔

(د) مذکورہ تمام بنیادی مراکز صحت پر حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق مخصوص کردہ صحت کی سہولیات ضرورت کے تحت پوری ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 26اپریل2024)

لاہور　　　　　　　　　　　　　　　　چودھری عامر حبیب

مورخہ 27اپریل2024　　　　　　　　　　　　　　　　سیکرٹری جنرل